منصفانہ ہائوسنگ
ان خاندانوں کے لیے
جن کے بچے ہیں

The Housing Center
Housing Research & Advocacy Center

ہمارا مشن

ہم منصفانہ ہاؤسنگ اور متنوع کمیونٹیز کو فروغ دینے، اور مؤثر تحقیق، معلومات فراہم کرنے اور وکالت کرنے کے ذریعے شمال مشرقی اوہائیو میں ہاؤسنگ میں امتیازی سلوک کے خاتمے کے لیے کام کرتے ہیں۔

سنہء 1983 کے بعد سے، ہاؤسنگ سینٹر نے شمال مشرقی اوہائیو کے باشندوں کے لئے رہائش اور متنوع کمیونٹیز تک مساوی رسائی کو فروغ دیا ہے :

ریسرچ

- منصفانہ ہاؤسنگ میں حائل رکاوٹوں کا تجزیہ
- کمیونٹی کے قرضوں پر مبنی فیکٹ بک
- مقامی قبضے کے کوڈز پر رپورٹیں
- اوہائیو میں رہن پر قرض دینے کے لیے نسلی اور گروہی تفاوت
- دماغی طور پر معذور لوگوں کے لئے رہائش حاصل کرنے اور اسکی مستقل فراہمی کا کام
- مکان مالکان کے لیے تربیتی کتابچے، اور
- ریاست شمال مشرقی اوہائیو میں منصفانہ ہاؤسنگ کی حالت

تعلیم اور پہنچ

- ہاؤسنگ کے پیشہ ور افراد کی تربیت
- انگریزی اور ہسپانوی میں ہاؤسنگ خریداروں اور کرائے داروں کے لئے پروگرام
- کمیونٹی کے فنگشنز کے لئے "سٹریٹ ٹیمیں"
- بیورو کے مقررین پریزنٹیشنز کے لئے دستیاب
- بروشر انگریزی ہسپانوی اور عربی میں تیار کرنا

نفاذ

- مانیٹرنگ کرنا: کرائے داروں کی ، فروخت کی، مالک مکان کے لیے انشورنس کی ، اور قرض دینے والوں کی امتیازی پالیسیوں کی

وکالت

- موثر منصفانہ ہاؤسنگ قوانین تجویز اور نافذ کرنا
- گریٹرکلیو لینڈ منصفانہ ہاؤسنگ کنسورشیم کی مدد کرنا

قومی، ریاستی اور مقامی اداروں کے ساتھ تعاون



The Housing Center
Housing Research & Advocacy Center

3631 Euclid Avenue, Suite 200
Cleveland, Ohio 44115
Phone: (216) 361-9240
Fax: (216) 426-1290
Email: info@thehousingcenter.org
www.thehousingcenter.org

MEMBER OF GREATER CLEVELAND COMMUNITY SHARES

یہ پمفلٹ معلومات کی تشہیرکے لیے ہے. اس پمفلٹ میں موجود چیزوں پر قانونی مشورہ کی حیثیت سے بھروسہ نہیں کرنا چاہئے، اور نہ ہی اس پمفلٹ سے ایک وکیل اور موکل کا رشتہ قائم ہوتا ہے۔

فنڈنگ فراہم کی گئی ہے
امریکی محکمہ برائے رہائش اور شہری ترقی کی طرف سے
2012 ہاسنگ ریسرچ اور وکالت سنٹر

قبضے کے کوڈ

مالک مکان قبضے کے کوڈ کی بنیاد پر ایک گھر میں رہنے کے لئے افراد کی تعداد کو محدود کر سکتے ہیں۔ تاہم، مقامی اور وفاقی معیار سے زیادہ سخت قوانین امتیاز پر مبنی ہو سکتا ہے۔

وفاقی قاعدے عام طور پر ہر بیڈروم کے لیے کم از کم دو افراد کی اجازت دیتے ہیں۔

اکثر شہروں اور دیہات میں کل مربع فوٹیج کی بنیاد پر ایک بیڈروم، ایک گھر یا ایک اپارٹمنٹ میں مختلف تعداد میں افراد رہ سکتے ہیں۔ اس کی اجازت اس بیڈ روم یا اپارٹمنٹ کا رقبہ دیکھ کر دی جاتی ہے۔

مزید معلومات کے لئے، اپنے مقامی بلڈنگ شعبہ، یا کال ہاؤسنگ سینٹر سے رابطہ کریں۔

کون کون محفوظ ہے؟

وفاقی اور ریاستی منصفانہ ہاؤسنگ قوانین خاندانی حیثیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کو غیر قانونی قرار دیتے ہیں۔ 18 سال سے کم عمر بچوں کی موجودگی۔ یہ قانون ان گھرانوں پر لاگو ہوتا ہے جہاں ایک یا زیادہ چھوٹے بچے رہتے ہیں۔

- والدین
- وہ شخص جو قانونی وارث ہو، چھوٹے بچے یا بچوں کے (قانونی وارث) اس میں شامل ہیں۔
- بچے کے والدین یا قانونی وارث کی جانب سے مقرر کردہ کوئی شخص، جب وہ والدین یا قانونی وارث کا تحریری اجازت نامہ رکھتا ہو۔

خاندانی حیثیت کا تحفظ حاملہ خواتین کو بھی حاصل ہے اور ان افراد کو بھی جو ایک ایک چھوٹے بچہ کو (گود لیں یا لے پالک بچے کے طور پر پالیں)۔

چُھوٹ

کچھ سینئر ہاؤسنگ کی سہولیات اور کمیونٹیز خاندانی حیثیت کے امتیازی سلوک کی ذمہ داری سے مستثنٰی ہیں۔ ایک ایسی سہولت یا کمیونٹی جہاں "62 سال اور بڑی عمر کے افراد رہتے ہوں۔" (تمام رہائشیوں کی عمر کم از کم 62 سال ہو) یا "55 اور اس سے زیادہ " (80 فی صد یونٹوں میں 55 سال عمر یا زائد کا کم از کم ایک شخص رہتا ہو) تو وہ مستثنٰی ہوگی۔ اور 18 سال سے کم عمر بچوں کے استثنٰی کی اجازت بھی دی جا سکتی ہے۔

اس کے علاوہ، کچھ وفاق امداد پر چلنے والے رہائشی یونٹ اضافی ضروریات کے تحت ہو سکتے ہیں. مزید تفصیلات کے لئے ہاؤسنگ سینٹر سے رابطہ کریں.

کیا ممنوع ہے؟

ایسے تمام کام غیر قانونی ہیں اگر وہ خاندانی حیثیت کی بنیاد پر کیے جا رہے ہیں۔

- کرائے پر دینے سے انکار، فروخت یا رہائش کے لیے بات چیت کرنے سے انکار
- مختلف طرح کے لوگوں کے لیے مختلف شرائط کا مقرر کرنا، یا مختلف خدمات یا سہولیات تک رسائی فراہم کرنا
- ہاؤسنگ کو غیر دستیاب بتانا یا کسی اور طریقے سے انتخاب کو محدود کرنا
- اشتہارات میں لکھ کر ترجیحی امتیازی سلوک کو ظاہر کرنا
- مکان مالکان کی انشورنس یا رہن قرض کے بارے میں معلومات فراہم کرنے سے انکار
- قرض دینے یا قرض خریدنے سے انکار
- مکان مالکان کی یا کرائے دار کی حیثیت سے انشورنس فراہم کرنے سے انکار
- قرض میں مختلف شرائط یا حالات نافذ کرنا جیسے مختلف سود کی شرح یا مختلف فیس
- دھمکی دینا، مجبور کرنا، ڈرانا، یا کسی کے منصفانہ ہاؤسنگ حقوق کے استعمال سے روکنا

امتیازی سلوک کی ممکنہ نشانیاں

"ہم بچوں والے خاندانوں کو گھر نہیں دینا چاہتے"

"ہر بچے کا اپنا بیڈروم ہونا ضروری ہے"

"بچے پول استعمال نہیں کر سکتے"

"بچوں والے تمام خاندان صرف پہلی منزل پر رہیں گے"

"ایک اور بچے کی پیدائش پر کرایہ بڑھا دیا جائے گا"

مدد کے لیے کہاں جائیں؟

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ نسل، قومی شناخت، مذہب، جنس، رنگ، خاندانی حیثیت، معذوری، فوجی حیثیت، نسب، یا کسی اور وجہ سے ہاؤسنگ امتیازی سلوک کا شکار ہو رہے ہیں، تو مدد کے لیے ہاؤسنگ ریسرچ اینڈ وکالتی مرکز سے216-361-9240 پر رابطہ کریں۔

آپ 1-888-278-7101 پر یا آن لائن www.crc.ohio.gov پر آن لائن، یا مکانات و شہری ترقی (HUD) امریکی محکمہ میں اوہائیو سول رائٹس کمیشن سے رابطہ کر سکتے .www.hud.gov پر

سماعت کی معذوری والے افراد 1-800-927-9275 کو فون کریں. ایچ یو ڈی بھی ترجمانوں، ٹیپ، اور بریل مواد کے ذریعے ایچ یو ڈی فارم پڑھنے اور مکمل کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔